© rasailojaraid.com

**MESSAGE** مینجنگ ایڈیٹر: سید منور حسن، ایڈیٹر: سید وجاہت علی اور ان کے ساتھ ادارتی بورڈ) - بہ اہتمام اسلامک ریسرچ اکیڈمی - مقامِ اشاعت: ۱۰/۱۶۳ - "C" منصورہ - فیڈرل بی ایریا، کراچی ۳۸۰۵ -

میرے خاص دل پسند رسالوں میں سے ایک ماہنامہ یونیورسل میسیج ہے - یہ اسلامک ریسرچ اکیڈمی کے فکر و مزاج کا آئینہ دار ہے - یعنی مختلف ملکی اور عالمی موضوعات پر ایسے مضامین شائع کرتا ہے جن کے مقاصد اسلامی اور جن کا اسلوب تحقیقی ہوتا ہے - ملک کے لادینی رجحانات پر بھی ادارے کی نگاہ ہے اور عالمی پیمانے پر مادی تہذیب کے ابھارے ہوئے نو بہ نو افکار اور ان کے نتائج عمل پر بھی -

صحافیوں، اساتذہ، ادیبوں اور خاص طور پر نوجوان طلبہ و طالبات کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیے تاکہ وہ وقت کے فکری مسائل کو جانیں - اور ان کے چیلنج سے معیاری انداز پر عہدہ برآ ہونے کا ڈھنگ انہیں آئے -

---

**IMPACT** ایڈیٹر اے عرفان (اصل کار فرما ذہن: حاشر فاروقی -

مقامِ اشاعت: 33 STROUD GREEN ROAD LONDON N4 3EF

قیمت فی شمارہ برطانیہ میں ۲۵ پنس - بیرون جات کے لیے ۲ ڈالر -

نئے دور کے ایڈیٹروں میں سے میں دو ہی دوستوں سے متاثر ہوا، ایک صلاح الدین صاحب دوسرے حاشر فاروقی - ان لوگوں نے نہ صرف صحافت کو مقصدِ اعلیٰ کے تابع رکھا بلکہ اسے مشن سمجھ کر قربانیاں بھی دیں اور فنی لحاظ سے مقام بھی پیدا کیا -

حاشر فاروقی (+ اے عرفان) کا کام حیران کن ہے - مالی مشکلات کے بے آب و گیاہ صحرا میں سے مسافرِ قلم گذر رہا ہے اور برسوں اس میں کھپ گئے اور آگے نہ جانے کیا ہو - دیارِ غیر میں بہترین انگریزی زبان میں پندرہ روزہ رسالہ تیار کرنا اور اس میں کمالِ اجمال اور جمالِ اجمال کی خاص شان دکھانا اور کم لفظوں سے زیادہ مطالب اس طرح حاصل کرنا جیسے کوئی شخص تھوڑے سے پیسوں میں اچھا کام چلا دکھائے، یہ بس امپیکٹ والوں ہی کا حصہ ہے - سرخیاں بہترین، عبارت میں ادب کا لحاظ

© rasailojaraid.com